**22-05-2024**

**21.15 Hrs**

**HL**

آداب

یہ آکاشوانی ہے

خبروں کے ساتھ میں شگفتہ یاسمین

---

**Music**

---

1 لوک سبھا انتخابات کے چھٹے مرحلے کی چناؤ مہم کیلئے صرف ایک روز باقی رہ گیا ہے، مختلف سیاسی پارٹیوں کے رہنما ووٹروں کو راغب کرنے کیلئے آخری کوششیں کر رہے ہیں۔

2 انتخابی کمیشن نے BJP اور کانگریس صدور کو ہدایت دی ہے کہ وہ اپنی پارٹی کے ممتاز رہنماؤں کو مثالی ضابطۂ اخلاق کی خلاف ورزی سے باز رہنے کیلئے کہیں۔

3 ریزرو بینک آف انڈیا مالی برس 2023-24 کے دوران مرکزی سرکار کیلئے اضافی رقم کے طور پر تقریباً دو اعشاریہ ایک ایک لاکھ کروڑ روپے منتقل کرے گا۔

4 تہران میں ایران کے مرحوم صدر ابراہیم رئیسی کی نماز جنازہ میں لاکھوں افراد نے شرکت کی۔ نائب صدر جگدیپ دھنکھڑ نے بھی خراج عقیدت پیش کیا۔

5 راجستھان شدید گرمی کی لہر کی گرفت میں ہے۔ بارمیڑ 48 ڈگری سیلسیس کے ساتھ گرم ترین علاقہ رہا۔

5 اور IPL کرکٹ میں، احمد آباد میں دوسرے Eliminator میں راجستھان رائلس کا مقابلہ رائل چیلنجرس بنگلورو سے جاری ہے۔

---

**(Music)**

---

اب خبریں تفصیل سے

## CAMPAIGNING

لوک سبھا انتخابات کے چھٹے مرحلے کی انتخابی مہم ختم ہونے میں، اب جبکہ صرف ایک دن باقی رہ گیا ہے، تمام اہم سیاسی پارٹیوں کے رہنما انتخابات والی ریاستوں میں، انتخابی مہم میں مصروف ہیں۔ انتخابات کے آخری اور ساتویں مرحلے کی انتخابی مہم بھی عروج پر ہے۔

اترپردیش میں، مختلف سیاسی پارٹیوں کے اسٹار کمپینرس ووٹروں کو اپنی طرف راغب کرنے کے لیے ایک کے بعد ایک ریلیاں کر رہے ہیں۔ وزیراعظم اور سینئر BJP لیڈر نریندر مودی نے آج بستی ضلعے میں ایک ریلی سے خطاب کیا۔ انہوں نے عوام سے اپیل کی کہ وہ BJP کے لیے ووٹ کریں، کیونکہ اُن کا ووٹ ایک ترقی یافتہ اور خودکفیل بھارت بنائے گا۔

وزیراعظم نے کہا کہ BJP نے انتخابات کے پہلے پانچ مرحلوں میں ہی اکثریت کا ہدف حاصل کر لیا ہے اور اِسی لیے اپوزیشن رہنما اپنا آپا کھو رہے ہیں۔ اِس ریلی کا اہتمام مشترکہ طور پر وسطی سنت کبیر نگر اور ڈمریا گنج لوک سبھا حلقوں کے لیے کیا گیا تھا۔

سراوستی ضلعے میں ایک دوسری ریلی سے خطاب کرتے ہوئے جناب مودی نے یہ کہتے ہوئے آئی این ڈی آئی اے بلاک پر سخت نکتہ چینی کی کہ وہ نہ صرف فرقہ وار ہیں بلکہ ذات پات اور اقرباء پروری کو فروغ دے رہے ہیں۔

بعد میں وزیراعظم مودی نے، دلی کے دوارکا میں پارٹی امیدواروں کی حمایت میں ایک ریلی سے خطاب کیا۔

ریلی سے خطاب کرتے ہوئے وزیراعظم نے کانگریس کی نکتہ چینی کی اور الزام لگایا کہ پچھلے 60 برسوں میں بھارت کے ساتھ ناانصافی کی ہے اور اُس کے لیڈر مجرمانہ کارروائیوں میں ملوث ہیں۔ کانگریس کی حکمرانی کا موازنہ کرتے ہوئے جناب مودی نے اجاگر کیا کہ کانگریس کے دور اقتدار میں ہر دن صرف 12 کلومیٹر شاہراہ بنائے جاتے تھے لیکن NDA سرکار میں ہر دن 30 کلومیٹر شاہراہ کی تعمیر کی جاتی ہے۔

انہوں نے کہا کہ BJP سرکار ہی بھارت جیسے بڑے ملک کو وہ رفتار دے سکتی ہے، جس کی اُسے ضرورت ہے۔

S/B - 2100 - PM on Progress

اترپردیش کے وزیراعلیٰ یوگی آدتیہ ناتھ نے، جون پور اور بستی اضلاع میں انتخابی مہم میں حصہ لیا۔ اعظم گڑھ میں، ایک سیاسی ریلی سے خطاب کرتے ہوئے سماجوادی پارٹی کے سربراہ اکھلیش یادو نے دعوی کیا کہ BJP اترپردیش میں تمام 80 سیٹیں ہار رہی ہے اور اُسے مجموعی طور پر 140 سے زیادہ سیٹیں نہیں ملے گی۔

کانگریس پارٹی کی اسٹار کمپینر پرینکا گاندھی واڈرا نے، جھارکھنڈ کے گڈا میں ایک نیاپائے سنکلپ ریلی سے خطاب کیا اور کہا کہ مہنگائی اور بے روزگاری لوگوں کے سب سے بڑے مسائل ہیں۔ BJP کی زیر قیادت مرکزی

سرکار کی نکتہ چینی کرتے ہوئے انہوں نے الزام لگایا کہ جھارکھنڈ کے سابق وزیراعلیٰ ہیمنت سورین کو ایک جعلی کیس میں جیل میں بند کیا گیا ہے۔ اِس کے علاوہ انہوں نے الزام لگایا کہ کانگریس پارٹی کے بینک اکاؤنٹ منجمد کیا تاکہ کانگریس انتخابات نہ لڑ سکے۔

وزیراعظم نریندر مودی کی نکتہ چینی کرتے ہوئے انہوں نے الزام لگایا کہ وہ بے روزگاری اور مہنگائی پر زبان نہیں کھولتے ہیں۔

اِسی دوران BJP لیڈر اور آسام کے وزیراعلیٰ نے دھنباد لوک سبھا امیدوار Dhullu Mahto کی حمایت میں ایک ریلی سے خطاب کرتے ہوئے، JMM اور کانگریس کی سخت نکتہ چینی کی اور الزام لگایا کہ دونوں ہی پارٹیاں تقسیم کرنے والی سیاست میں ملوث ہیں۔ ×

## HARYANA CAMPAING RAHUL

ہریانہ میں تمام دس لوک سبھا سیٹوں پر ہفتے کو ایک ہی مرحلے میں ووٹنگ ہوگی۔ کانگریس اور BJP کے اعلیٰ رہنما لوگوں کی حمایت حاصل کرنے کے لیے انتخابی مہم میں حصہ لے رہے ہیں۔ کانگریس لیڈر راہل گاندھی نے مہیندر گڑھ - بھیوانی پارلیمانی حلقے کے چرخی دادری میں ایک ریلی سے خطاب کیا۔ انہوں نے اگنی ویر معاملے پر NDA سرکار کی سخت نکتہ چینی کی۔

S/B - 2100 - Rahul Gandhi Agniveer

سینئر BJP لیڈر راجناتھ سنگھ نے بھی آج بھیوانی میں ایک ریلی سے خطاب کیا۔ پاکستان کے ایک اہم لیڈر کے ذریعے مبینہ طور پر راہل گاندھی کی تعریف کرنے کا حوالہ دیتے ہوئے جناب سنگھ نے پوچھا کہ سابق کانگریس صدر اِس معاملے پر خاموش کیوں ہیں اور وہ اس کو مسترد کیوں نہیں کر رہے ہیں۔ انہوں نے سابق فوجیوں کی فلاح و بہبود کے معاملے پر بھی کانگریس کی نکتہ چینی کی۔×

## ECI DIRECTION

بھارتی انتخابی کمیشن نے، BJP صدر جے پی نڈا اور کانگریس صدر ملکارجن کھڑگے کو ہدایت دی ہے کہ وہ اپنی اپنی پارٹی کے اسٹار کمپینرس کو باضابطہ طور پر یہ کہیں کہ وہ ایسے بیانات دینے سے گریز کریں جو مثالی ضابطہ اخلاق کے خلاف ہو۔ دونوں پارٹیوں کے صدور کو جاری کیے گئے الگ الگ خط میں کمیشن نے کہا ہے کہ کسی بھی پارٹی یا امیدوار کو ایسے کاموں یا بیانوں سے گریز کرنا چاہیے جن سے موجودہ اختلافات اور فرقہ وارانہ تنازعہ میں اضافہ ہوسکتا ہے۔ کمیشن نے کہا ہے کہ انتخابات ایک عمل ہے، جہاں سیاسی پارٹیاں صرف جیت کے لیے نہیں لڑتیں بلکہ وہ ووٹ

ڈالنے والے عوام کے سامنے اپنے بہتر رویے کے ذریعے اپنے آپ کو پیش کرتی ہیں۔ کمیشن نے کمپینرس اور امیدواروں سے مزید کہا ہے کہ وہ انتخابات کے دوران کسی بھی سیاسی پروپگینڈے میں شامل ہونے سے گریز کریں اور شائستگی کو برقرار رکھیں۔x

## AAP BJP

عام آدمی پارٹی نے آج بھارتیہ جنتا پارٹی BJP کو عام آدمی پارٹی اور دلّی کے لوگوں کے خلاف مبینہ سازش کیلئے تنقید کا نشانہ بنایا۔ آج نئی دلّی میں صحافیوں کو جانکاری فراہم کرتے ہوئے عام آدمی پارٹی کی سینئر لیڈر آتشی نے الزام لگایا کہ BJP نے قومی راجدھانی میں پانی کا بحران پیدا کرنے کیلئے دلّی کیلئے پانی کا بہاؤ روک دیا ہے۔ انھوں نے کہا کہ تحقیقات سے یہ بات سامنے آئی ہے کہ ہریانہ سرکار، دلّی کیلئے جمنا کے پانی کے بہاؤ کو روک رہی ہے۔ محترمہ آتشی نے مزید کہا کہ دریائے جمنا کی آبی سطح اب تک کی کم ترین سطح پر پہنچ گئی ہے۔

اسی دوران دلّی BJP کے صدر وریندر سچدیوا نے اپنی کوتاہیوں کیلئے دوسروں کو موردِ الزام ٹھہرانے کیلئے عام آدمی پارٹی کی سرکار کی سخت تنقید کی۔

انھوں نے آتشی سے سوال کیا کہ انھوں نے پچھلے مہینے پانی کی کمی کے مسئلے کو حل کرنے کیلئے کیا اقدامات کیے ہیں۔ جناب سچدیوا نے الزام لگایا کہ اپنی کمزوری کو چھپانے اور سواتی مالی وال کے معاملے سے لوگوں کی توجہ ہٹانے کیلئے عام آدمی پارٹی بے بنیاد الزامات لگا رہی ہے۔ x

## EC 7TH PHASE CANDIDATES

سات ریاستوں اور مرکز کے زیر انتظام علاقوں میں یکم جون کو ہونے والے لوک سبھا انتخابات کے ساتویں مرحلے کیلئے 904 امیدوار میدان میں ہیں۔ الیکشن کمیشن کے مطابق 2 ہزار 105 امیدواروں نے 57 پارلیمانی حلقوں کیلئے اپنے کاغذاتِ نامزدگی داخل کیے تھے اور جانچ پڑتال کے بعد 954 امیدوار انتخابات کیلئے اہل قرار پائے۔13 پارلیمانی حلقوں میں سب سے زیادہ 598 امیدوار پنجاب سے ہیں۔ اس کے بعد اترپردیش ہے جہاں سے 495 امیدوار میدان میں ہیں۔ اس مرحلے میں اترپردیش کی 13 سیٹوں، مغربی بنگال کی 9 سیٹوں، بہار کی 8 اڈیشہ کی 6، ہماچل پردیش کی 4، جھارکھنڈ کی 3 اور مرکز کے زیر انتظام علاقے چنڈی گڑھ کی ایک سیٹ کیلئے انتخابات ہو رہے ہیں۔ ووٹوں کی گنتی 4 جون کو ہوگی۔x

## PUNJAB OFFICERS TRANSFERRED

بھارت کے انتخابی کمیشن نے، پنجاب کے دو پولیس افسروں کو اپنے موجودہ عہدوں سے غیرانتخابی ذمہ داریوں میں ٹرانسفر کر دیا ہے۔ چیف انتخابی افسر کے دفتر کے ایک ترجمان نے کہا ہے کہ 2009 بیچ کے IPS افسر جناب سوپن شرما اور جناب کلدیپ چہل کو اپنے اپنے عہدوں سے ٹرانسفر کر دیا گیا ہے۔ جناب شرما فی الحال جالندھر کے پولیس کمشنر اور جبکہ جناب چہل فی الحال لدھیانہ کے پولیس کمشنر ہیں۔
پنجاب کے چیف سکریٹری کو لکھے گئے خط میں انتخابی کمیشن نے ہدایت دی ہے کہ دونوں افسروں کو غیرانتخابی ذمہ داریاں دی جائیں۔ ×

## RBI SURPLUS PAYOUT

ریزرو بینک آف انڈیا RBI نے مالی سال 24-2023 کے دوران مرکزی سرکار کے لیے اضافی دو لاکھ 10 ہزار 874 کروڑ روپے کی منتقلی کو منظوری دی ہے۔
آج ممبئی میں، ریزرو بینک آف انڈیا کے سینٹرل بورڈ آف ڈائرکٹرز کی 608ویں میٹنگ کے دوران بھی اِس کی منظوری دی گئی ہے۔ ایک سرکاری پریس ریلیز کے مطابق RBI گورنر شکتی کانت داس کی زیر صدارت بورڈ نے ملکی معیشت کے مضبوط و مستحکم ہونے کی بنا پر Contingent Risk Buffer (CRB) کو مالی سال 24-2023 کے لیے بڑھا کر چھ اعشریہ پانچ صفر فیصد کردیا ہے۔
قابلِ غور ہے کہ بورڈ نے کووڈ-19 کی وبا کے دوران معاشی سُست روی کے پیش نظر 19-2018 سے 22-2021 مالی سال کے دوران مجموعی معاشی صورتحال اور نمو کی امداد کی خاطر ریزرو بینک کی بیلنس شیٹ کے CRB کو موجودہ 5 اعشاریہ پانچ صفر فیصد پر برقرار رکھنے کا فیصلہ کیا تھا۔
23-2022 میں معیشت کی بحالی کے ساتھ اِس کو بڑھا کر چھ فیصد کر دیا گیا تھا۔
ریزرو بینک کی 24-2023 کی سالانہ رپورٹ کی منظوری اور معاشی صورتحال پر تبادلۂ خیال کے علاوہ بورڈ نے ملکی اور عالمی معاشی منظر نامے کا جائزہ بھی لیا، جس میں Outlook کو درپیش خطرات میں شامل ہیں۔×

## RAJASTHAN HEATWAVE

راجستھان کے زیادہ تر علاقے آج شدید گرمی کی لہر کی گرفت میں رہے۔ ریاست کے زیادہ تر علاقوں میں زیادہ سے زیادہ درجۂ حرارت میں کل کے مقابلے آج ایک سے دو ڈگری سیلسیس کا اضافہ ہوا۔ بارمیڑ ریاست کا گرم ترین علاقہ رہا جہاں زیادہ سے زیادہ درجۂ حرارت 48 ڈگری سیلسیس ریکارڈ کیا گیا۔ اِس کے علاوہ Falaudi،

Churu اور Jaisalmer میں بھی دن کا درجۂ حرارت 47 ڈگری سیلسیس سے زیادہ رہا۔ x

## DELHI POWER DEMAND

قومی راجدھانی دلّی میں شدید گرمی کے دوران، آج سہ پہر بجلی کی مانگ 8 ہزار میگاواٹ تک پہنچ گئی جو اب تک کی سب سے زیادہ ہے۔ بجلی کی مانگ نے اُس ریکارڈ کو توڑ دیا جو کل ہی بنی تھی۔ کل سہ پہر بجلی کی مانگ کل تک کی سب سے زیادہ سات ہزار 717 میگاواٹ ہو گئی تھی، جو کچھ ہی دیر کے بعد بڑھ کر ساتھ ہزار 726 میگاواٹ تک پہنچ گئی۔ اِس سے پہلے بجلی کی سب سے زیادہ مانگ سات ہزار 695 میگاواٹ جون 2022 میں ریکارڈ کی گئی تھی۔

اِسی دوران، عام آدمی پارٹی نے آج کہا ہے کہ دلی میں سخت گرمی کی صورتحال کے باوجود عاپ سرکار نے ہر کسی کو بلارکاوٹ بجلی سپلائی کو یقینی بنایا ہے۔ نئی دلی میں میڈیا سے بات کرتے ہوئے عام کی سینئر لیڈر آتشی نے کہا کہ دلی سرکار وعدوں کو پورا کرنے پر یقین رکھتی ہے۔x

## VP IRAN VISIT

ایران کے مرحوم صدر ابراہیم رئیسی کی نمازِ جنازہ آج تہران میں ادا کی گئی۔ لاکھوں سوگوار اُن کے جنازے کے ساتھ تہران یونیورسٹی سے فریڈم اسکوائر تک گئے۔ سڑکوں پر لوگوں کا ہجوم تھا۔ ایران کے سپریم لیڈر آیت اللہ علی خامنہ ای نے مرحوم صدر رئیسی، مرحوم وزیر خارجہ حسین عامر عبد اللہیان اور دیگر لوگوں کی نماز جنازہ پڑھائی۔ یہ سبھی گزشتہ اتوار کو ہیلی کاپٹر حادثے میں ہلاک ہوگئے تھے۔ اُن کی نماز جنازہ میں آج بڑی تعداد میں اعلیٰ سیاسی اور فوجی نمائندوں کے ساتھ ساتھ غیر ملکی معززین نے شرکت کی۔ نائب صدر جمہوریہ جگدیپ دھنکھڑ بھی تعزیت کیلئے وہاں موجود تھے۔ x

## INDIA UK TERRORISM

دہشت گردی کے خلاف بھارت-برطانیہ مشترکہ ورکنگ گروپ کی 16ویں میٹنگ نئی دلی میں ہوئی۔ وزارت خارجہ میں دہشت گردی مخالف محکمے کے جوائنٹ سکریٹری KD Dewal اور برطانیہ سرکار کے ایشیا اور اوشیانا کے لیے دہشت گردی مخالف نیٹ ورک کے سربراہ Chris Felton نے اپنے اپنے وفد کی سربراہی کی۔

میٹنگ کے دوران، انہوں نے دونوں ملکوں کے درمیان جاری دہشت گردی مخالف تعاون پر تبادلۂ خیال کیا۔ دونوں ملکوں نے دہشت گردی کے خلاف لڑائی میں بین الاقوامی تعاون کو ایک جامع اور مضبوط طریقے سے مستحکم کرنے

کی ضرورت پر زور دیا۔

وزارت خارجہ نے کہا ہے کہ دونوں ملکوں نے، اپنے اپنے ملکوں اور خطوں میں دہشت گردوں اور انتہا پسندوں کے خطروں کا اپنا اپنا جائزہ پیش کیا، اِن میں وہ خطرے بھی شامل ہیں، جو ممنوعہ دہشت گرد گروپوں اور انفرادی لوگوں کی طرف سے پیش کیے جاتے ہیں۔x

## VIETNAM PRESIDENT

ویتنام کی قومی اسمبلی نے ہنوئی میں واقع اپنے ہیڈکوارٹرس میں ووٹنگ کے بعد عوام کی سلامتی کے وزیر Tom Lam کو ملک کے اگلے صدر کے طور پر منظوری دی ہے۔ ان کی تقرری، ویتنام کے سابق صدر Vo Van Throong کے استعفیٰ کے تقریباً دو ماہ بعد عمل میں آئی ہے جنہیں بدعنوانی کے خلاف کارروائی کی وجہ سے اپنا عہدہ چھوڑنا پڑا تھا۔ x

## CYBER CASE SOUTH EAST

بھارت کے سائبر جرائم کوآرڈینیشن سینٹر (14C) نے کہا ہے کہ بھارت کو نشانہ بنانے والے سائبر جرائم کے واقعات میں نمایاں اضافہ ہوا ہے۔ ملک میں یہ سائبر جرائم جنوب مشرقی ایشیائی خطے سے انجام دیئے جارہے ہیں۔ نئی دلّی میں ایک پریس کانفرنس سے خطاب کرتے ہوئے بھارت کے سائبر جرائم کوآرڈینیشن سینٹر کے چیف ایگزیکیٹو آفیسر راجیش کمار نے کہا کہ سائبر جرائم کے یہ معاملات، کمبوڈیا، میانما اور لاؤس جیسے ملکوں سے سامنے آرہے ہیں۔ انھوں نے کہا کہ سرمایہ کاری گھپلے، تجارتی گھپلے، ڈیجیٹل گھپلے اور Dating گھپلے پر مشتمل سائبر جرائم کی شکایات بڑی تعداد میں روزانہ موصول ہو رہی ہیں۔

جناب کمار نے بتایا کہ جنوب مشرقی ایشیا سے شروع ہونے والے سائبر جرائم کے معاملات کو کم کرنے کیلئے وزارت داخلہ میں داخلی سلامتی کے خصوصی سکریٹری کی صدارت میں ایک اعلیٰ سطحی بین وزارتی کمیٹی تشکیل دی گئی ہے۔ انھوں نے کہا کہ حکومت نے گزشتہ 4 مہینے میں کُل 3 لاکھ 25 ہزار جعلی اکاؤنٹس کو بند کر دیا ہے۔ اِسی طرح 595 ایپس اور 5 لاکھ 30 ہزار سم کارڈس کو بھی بند کر دیا گیا ہے۔ x

## WB OBC LIST CANCELLED

کلکتہ ہائی کورٹ نے آج اُن تمام OBC سرٹیفکیٹ کو منسوخ کر دیا جو مغربی بنگال سرکار کی طرف سے 2010 کے بعد جاری کیے گئے تھے۔ جسٹس Tapobrata چکربورتی اور جسٹس راج شیکھر منتھا پر مشتمل ایک بنچ

نے آج یہ حکم جاری کیا ہے۔ اِس حکم کے ذریعے پانچ لاکھ OBC سَرٹیفکیٹ منسوخ کیے گئے ہیں۔ عدالت نے یہ بھی واضح کر دیا ہے کہ جنھوں نے اِن سَرٹیفکیٹ کا استعمال کیا ہے اُن پر اِس حکم کا کوئی اثر نہیں ہوگا۔ کوئی بھی شخص سرکاری ملازمتوں کے لیے درخواست دینے کی غرض سے منسوخ شدہ OBC سَرٹیفکیٹ کا استعمال نہیں کر سکے گا۔

ڈویژن بنچ نے یہ بھی کہا کہ 2010 کے بعد سے OBC سَرٹیفکیٹ جاری کرنے میں ریاستی سرکار نے صحیح اور جاری قوانین کا خیال نہیں رکھا۔

وزیراعلیٰ ممتا بینرجی نے ہائی کورٹ کے حکم کی سخت مخالفت کی ہے اور کہا ہے کہ اگر ضرورت پڑی تو وہ سپریم کورٹ جائیں گی۔×

## MUMBAI BILLBOARD ACCIDENT

ممبئی کرائم برانچ نے گھاٹ کوپر بل بورڈ حادثے کے کیس میں ایک خصوصی تفتیشی ٹیم SIT تشکیل دی ہے۔ اس حادثے میں 17 افراد ہلاک اور تقریباً 75 لوگ زخمی ہوئے۔ SIT نے اِس حادثے کی ذمہ دار کمپنی کے مالک بھاویش بھیڈے کی رہائش گاہ کی تلاشی لی اور کمپنی کے کچھ ملازمین سے بات چیت کی۔ ممبئی کرائم برانچ نے بھیڈے کو پچھلے ہفتے ادوے پور سے حراست میں لے کر ممبئی لایا تھا۔ ×

## IPL CRICKET

IPL کرکٹ میں Eliminator مقابلے میں راجستھان رائلس اور رائل چیلنجرس بینگلور کے درمیان میچ جاری ہے۔ رائل چیلنجرس بینگلور نے راجستھان رائلس کے سامنے جیت کے لیے 173 کا نشانہ رکھا ہے۔ یہ میچ احمدآباد کے نریندر مودی اسٹیڈیم میں کھیلا جا رہا ہے۔

پہلے بلے بازی کرتے ہوئے رائل چیلنجرس بینگلور نے مقررہ 20 اوورز میں 8 وکٹ کے نقصان پر 172 رن بنائے۔

اس میچ میں جیت حاصل کرنے والی ٹیم دوسرے کوالیفائر میں سن رائزرس حیدرآباد کے ساتھ کھیلے گی۔

فائنل میچ اتوار کے روز ہوگا۔×

## KERALA COAST GUARD

ساحلی گارڈ نے، کیرالہ میں ایک کارروائی کے دوران، 13 ماہی گیروں کو بچایا ہے جو مچھلیاں پکڑنے کی کشتی پر سوار تھے اور اُس کے انجن میں پانی گھس رہا تھا۔ بچاؤ کی یہ کارروائی Chavakkad ساحل سے تقریباً 31 ناٹیکل

مائیل میں کی گئی۔ ساحلی گارڈ کے جہاز ICGS ابھینوٗ نے بڑی جدوجہد کے ساتھ ماہی گیر کی کشتی سے پانی کو نکالا اور کشتی اور اُس پر سوار عملے کے لوگوں کو ضروری تکنیکی امداد فراہم کی۔

کشتی کو بعد میں Munambam ماہی گیری بندرگاہ لایا گیا۔×

☆☆☆☆☆